23/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

**ہیڈلائنز**

*.......وزیر اعظم نریندر مودی برطانیہ اور ما□دیپ کے چار روزہ دورے پر روانہ ۔

*.......مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل اور نعرہ بازی کے چلتے□وک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی میں آج بھی پڑا خلل۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں جموں کشمیر پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ کی پیش رفت کا□یا جائزہ ۔

اور

*.......شری امر ناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری / اب تک 3لاکھ45 ہزار سے زائد یاتریوں نے گپھا میں دی حاضری ۔

**دورہPM**

وزیر اعظم نریندر مودی آج برطانیہ اور مالدیپ کے چار روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوئے ۔ دورے کے پہلے مرحلے کے تحت وہ آج رات لندن پہنچ رہے ہیں۔ برطانیہ میں وہ اپنے ہم منصب Keir Starmerسے بھی III کے ساتھ مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کریں گے اور کنگ چارلز ملاقات کریں گے ۔

دوسرے مرحلے میں وزیر اعظم 25سے26جولائی تک مالدیپ کا دورہ کر رہے ہیں ۔

**پارلیمنٹ**

مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل اور نعرہ بازی کے چلتے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی آج دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ دن میں 12بجے پہلی بار کارروائی ملتوی ہونے کے بعد جب دوبارہ شروع ہوئی تو□وک سبھا میں اپوزیشن کے ارکان نے بہار میں ووٹر فہرستوں میں خصوصی نظر ثانی اور دیگر معاملات پر ب□ث کا مط□بہ کرتے ہوئے نعرہ بازی جاری رکھی ۔

اسی طرح کے مناظر راجیہ سبھا میں بھی دیکھنے کو ملے ۔ راجیہ سبھا کے چیرمین نے ارکان سے وقفہ سوالات کو چلنے کی درخواست کی تاہم انہوں نے اپنا احتجاج جاری رکھا ۔جس کے بعد کارروائی کو دو بجے تک کیلئے ملتوی کر دیا گیا ۔

**مرگن**

مرکزی سرکار نے ملک میں آکاشوانی اور دودرشن کیندروں کو جدید کاری سے ہمکنار کرانے کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ یہ جانکاری آج اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مرگن نے□وک سبھا میںایک سوال کا جواب دیتے ہوئے دی۔انہوں نے کہاکہ حکومت نے اس مقصد کیلئے براڈ کاسٹنگ انفراسٹریکچر اینڈ نیٹ ورک ڈیو□پمنٹ اسکیم کے تحت 2ہزار5سو39کروڑ روپے مختص رکھے ہیں۔

**خراج**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماجی اصلاح کار لوک مانیہ بال گنگا دھر تِلک اور مجاہد آزادی چندر شیکھر آزاد کو ان کے جنم دن پر یاد کر کے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔

LGتعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ریاسی ضلعے کے بڈورہ علاقے میں پسیاں گر آنے کے واقعے میں2افراد کے از جان ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے اس واقعے میں زخمی ہوئے افراد کی جلد صحتیابی کے ئے دعا کی ہے۔
اس دوران ریاسی کے ہمارے نمائندے دویندر ٹھاکر نے خبر دی ہے کہ علاقے میں لگاتار بارشوں کی وجہ سے دریائے چناب میں پانی کی سطح بڑھ گئی ہے۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آ ج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کا بنیادی مقصد لوگوں تک شفاف اور جوابدہ طریقے پرلازمی خدمات کی دستیابی کو یقینی بنانا ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام دوست حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ اس ایکٹ کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں ۔
دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک اور میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں عملائے جا رہے پن بجلی اور قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ پن بجلی کے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایاجانا چاہئے تاکہ توانائی کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے ۔

جاوید رانا

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جمو نصوبے کے پانی کے نظام اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹونکی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ جل جیون مشن کے تحت تمام واٹر سپلائی اسکیموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کریں ۔

اسمبلی میٹنگ

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر ایڈوکیٹ عبدالرحیم راتھر کی صدارت میں آج اسمبلی کمپلیکس سرینگر میں اعلیٰ سطح کی اپیکس کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران اسمبلی میں نیشنل ای۔ وِدھان اپلیکیشن پروجیکٹ کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا۔
سپیکر موصوف جوکہ اس کمیٹی کے چیرمین بھی ہیں، نے پروجیکٹ کی جلد از جلد تکمیل پر زور دیا۔ اس پروجیکٹ کی رو سے اسمبلی کے کام کاج کو Paper Less اور ڈیجیٹل بنایا جا رہا ہے۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اگلے ماہ منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ تقریبات کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے مختلف محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام انتظامات کو حتمی شکل دے کر تقریبات کے احسن انعقادکو یقینی بنا ئیں۔

IGPکشمیر

سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران نیشنل لیگل سروسز PCRآئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے اتھارٹی اور یونیورسٹی آف کشمیر کی طرف سے منعقد ہونے والی خصوصی تقاریب کے سلسلے میں کئے جا رہے سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے تمام سطحوں پر سلامتی کو یقینی بنانے کےلئے چوکسی برتنے پر زور دیا۔

**قومی دن**

آج براڈ کاسٹنگ کا قومی دن ہے ۔ آج ہی کے دن 1927 میں ملک میں انڈین براڈ کاسٹنگ کمپنی کے تحت بمبئی اسٹیشن سے ملک کا پہلا ریڈیو براڈ کاسٹ نشر ہوا تھا ۔8 جون1936کو انڈین براڈ کاسٹنگ سروس آل انڈیا ریڈیو میں تبدیل ہو ا تھا ۔ آج کے دن ملک کے ترقیاتی منظر نامے ،تعلیمی نظام کو تقویت بخشنے ، تفریح اور ثقافتی ورثے کو تحفظ دینے میں براڈ کاسٹنگ کے رول کو اجا گرکیا جاتا ہے ۔

اس دن کی مناسبت سے پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر گورو دیویدی نے اپنے پیغام میں کہا۔

...........Byte...........

نیشنل براڈ کاسٹنگ ڈے کے سلسلے میں پرسار بھارتی کے چیر مین نونیت کمار سہگل نے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا ۔

...........Byte...........

آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پلیوال گور نے براڈکاسٹنگ کے قومی دن کے موقعے پر کہا۔

...........Byte...........

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرنآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**یاترا**

موجودہ موسمی صورتحال کے با وجود سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں رِوایتی راستوں سے احسن طریقے پر جاری ہے ۔ اب تک مجموعی طور 3لاکھ 45 ہزار 585یاتریوں نے امر ناتھ گپھا میںحاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔

تفصیلات کے مطابق آج شام5بجے تک 10 ہزار 585 یاتریوننے گپھا میں اضری دی ۔

اس بیچ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج 2ہزار 837 یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی پہنچا۔

دریں اثنا یاتری اس سال یاترا کیلئے سرکاری و غیر سرکاری سطح پر کئے گئے انتظامات سے کافی مطمئن ہیں۔ کئی ایک یاتریوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا۔

**یاترا موسم**

یاترا روٹوں پر موسمی صورتحال کے حوالے سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**سکل ڈیولپمنٹ**

جموں کشمیرحکومت وکست بھارت کے نظریے کے عین مطابق ہنر مندی کا ایک دیر پا اور فعال نظام وجود میں لانے کیلئے پر عزم ہے ۔اس سلسلے میں جموں کشمیر میں سکل ڈیولپمنٹ محکمے کے ڈائریکٹر شہزاد عالم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سکول

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے سابق وائس چانسلر پروفیسر مشتاق احمد صدیقی نے آج بانڈی پورہ ضلع میں اونگام کے گورنمنٹ مڈل سکول میں منعقد ہوئی ایک تقریب میں شرکت کی۔

اس موقعے پر انہوں نے بچوں میں موبائل فون کے غیر ضروری استعمال کی حوصلہ شکنی کرنے پر زور دیتے ہوئے اُنہیں ہنر مند بنانے کی تلقین کی۔

سکول کے ہیڈ ماسٹر جا وید جواد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے طالب علموں سے تلقین کی کہ وہ خود کو اس قابل بنائیں کہ سماج اُن سے مستفید ہو۔ انہوں نے طالب علموں میں مفت سٹیشنری اشیاءاور کمپیوٹر تقسیم کرنے کےلئے پروفیسر مشتاق احمد صدیقی اور ان کی اہلیہ پروفیسر آسیہ صدیقی کا شکریہ ادا کیا۔

اِگنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے سرینگر ریجنل سینٹر نے ” سکل ڈیولپمنٹ فار ڈیجیٹل جے اینڈ کے اینڈ لداخ“ پروجیکٹ کے تحت اپنے طالب علموں کو مفت سکل ڈیولپمنٹ پروگرام مہیا کرانے کےلئے نیشنل انسٹی چیوٹ آف الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی سرینگر کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ اس مہم کے تحت تین برسوں کی مدت کے دوران 9ہزار450 طالب علموں کو مختلف ہنروں کی تربیت دی جائے گی۔

تعزیت

کا بینی وزراءسکینہ ایتو اور جا وید ا□مد ڈار نے آج وزیر اعلیٰ کے آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی ریاض ا□مد وانی کے گھر جا کر اُنکی والدہ کے انتقال پر انکے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کی طرف سے آج کپواڑہ میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں پارٹی کے ایک سینئر لیڈر اور سابق وزیرغلام نبی سوگامی کی 44ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

بی جے پی

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر ست شرما کی صدارت میں آج نگروٹہ جموں میں پارٹی لیڈر وں اور کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ ست شرما نے ورکروں پر زور دیا کہ وہ بی جے پی کا منشور عام لوگوں تک پہنچانے اور اُن کے مسائل □ل کرانے کےلئے زمینی سطح پر کام کریں۔ بعد میں ست شرما نے ما□ولیات کے ت□فظ کے پارٹی کے مشن کے ت□ت وہاں ایک پودا بھی لگایا۔

اس دوران بی جے پی کے صدر دفتر ترکوٹہ نگر جموں میں آج ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران شہید کلدیپ ورما کو انکی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تقریب میں پارٹی کے نائب صدر جموںو کشمیر راکیش مہاجن اور جنرل سیکریٹری سنجیو ڈوگرہ کے علاوہ دیگر کئی لیڈران نے شرکت کی۔ کلدیپ ورما امر نا تھ یاترا لینڈ Agitation-کے دوران جموں میں ما رے گئے تھے۔

ملاقات بی جے پی

ادھر کشمیر صوبے کے نو منتخب بی جے پی کارکنوں نے آج سرینگر میں پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقعے پر بی جے پی جموںو کشمیر کی نائب صدر ڈاکٹر شہناز گنائی، جنرل سیکریٹری انور خان اور جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی کے علاوہ پارٹی کے کئی سینئر لیڈران بھی موجود تھے۔

پی ڈی پی
کے نائب صدر سرتاج مدنی نے سرینگرمیں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے PDP
کہاکہ ان کی پارٹی جموں کشمیر کا ریاستی درجہ نیز اگست 2019 سے پہلے کی پوزیشن بحال کرانے کیلئے کوششیں جاری رکھے گی ۔
دریں اثناءبڈگام میں آج تنظیمی امور کا جائزہ لینے کےلئے سینئر پارٹی لیڈر ایڈوکیٹ غلام نبی ہانجورہ کی صدارت میں پی ڈی پی کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری محمد خورشید عالم اور دیگر لیڈروں نے شرکت کی۔

نشہ مکت بھارت ابھیان
نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔
...........(PM)....Byte...........
جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک اُستاد ریاض احمد ماتھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

گرفتار
منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے ہندواڑہ میں غلام احمد راتھر نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔
دریں اثناءمنشیات کے استعمال کے مضر اثرات سے متعلق پولیس کی جانب سے کولگام اور سوپور میں بیداری پروگرام منعقد ہوئے۔

شاہراہ
شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبوں میں آج مطلع ابر آلود رہا ۔ کہیں کہیں پر ہلکی بارشیں بھی ہوئیں۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر بارشیں ہونے کی وجہ سے شاہراہ آج دن میں گیارہ بجے سے تین بجے تک ٹریفک کی آواجائی کیلئے بند رہی ۔
دریں اثنا جموں کشمیر کی موجودہ موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگرمیں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

موسم
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس تھا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر37 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام7بجکر38منٹ پر ہو گا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔
ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ
...............